لطائف کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ وہ الفاظ یا افکار کی جادوگری سے سامان انبساط بہم پہنچائیں - دوسری طرف افادی لطائف وہ ہیں جو طریق کار تو وہی اختیار کرتے ہیں جو بے ضرر لطائف کا ہے لیکن جو ساتھ ہی ساتھ کسی جنسی یا تشدد آمیز خواہش کی بھی تسکین کرتے ہیں - نتیجۃً یہ لطائف کسی نہ کسی کے خلاف ضرور صف آراء ہوتے ہیں -

فرائڈ کے مطابق بے ضرر لطائف سے حصول مسرت کی یہ وجہ ہوتی ہے کہ ان میں کھوکر انسان واپس اپنے بچپن کے ماحول میں پہنچ جاتا ہے اور وہی طریق فکر و استدلال اختیار کرتا ہے - یوں عام زندگی بسر کرنے کے لئے جو ضروری قوت درکار ہوتی ہے اس میں ایک بچت (Economy) پیدا ہوجاتی ہے اور یہ بچت ہنسی کی صورت میں بہہ نکلتی ہے -

اس کے برعکس افادی لطائف ان جنسی یا تشدد آمیز خواہشات کو آزاد کرتے ہیں جو عام زندگی میں ماحول اور سوسائٹی سے انحراف کی صورت میں دبائی جا چکی ہیں - یہ خواہشات افادی لطائف کا خوشنما لباس زیب تن کئے اور یوں سنسر (Censor) کے پہرہ دارون کو دھوکا دے کر اپنے قید خانے میں سے اس دیدہ دلیری کے ساتھ باہر نکل آتی ہیں کہ باہر کی پبلک کو بھی ان کے قیدی ہونے کا گمان نہیں ہوتا - لطائف کے ذریعے ان جنسی یا تشدد آمیز خواہشات کی تسکین سے دبا دینے والی قوت (Repressive Energy